بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صلی اللہ علیک محمد وآلِ محمد علیہ السلام

# صلوٰات

# چہاردہ معصومین علیہما السلام



ترتیب

قنبر زیدی

پیشکش

خانوادہ سید وصی حیدر زیدی

نام کتاب : صلوات چہاردہ معصومین علیہم السلام

تالیف : شیخ طوسیؒ

ترجمہ : شبکہ الامامین الحسنینؑ، سید نوبہار رضا نقوی صاحب

کمپوز : کاظمین گرافیکس

اشاعت اوّل : ۲۹/اگست ۲۰۲۲ء

ہدیہ : اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ

برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

بیگم و سید حسین احمد زیدی

بیگم و سید طاہر عباس زیدی

سیدہ تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی

و جملہ مومنین و مومنات

شہدائے ملت جعفریہ

ShianeAli.com
UmmulBaneen.com

کاغذ: سفید (آرٹ پیپر) 85 گرام

# فہرستِ مضامین

# چہاردہ معصومین علیہم السلام پر صلوات

ائمہ طاہرین علیہم السلام پر صلوات کے ضمن میں شیخ طوسیؒ نے "مصباح" میں "اعمال روز جمعہ" میں فرمایا ہے کہ ہمارے رواۃ نے "ابوالمفضل شیبانی" سے ایک خبر نقل کی ہے وہ کہتے ہیں:

مجھے ابومحمد عبداللہ بن محمد عابد بدالیہؒ نے بتایا کہ میں ۲۵۵ھ میں اپنے مولاامام حسن عسکری علیہ السلام سے سامرہ میں ان کے مقام پر حاضر ہو کر یہ سوال کیا کہ آپؑ مجھے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اوصیائ ائمہ معصومین علیہم السلام میں سے ہر ایک کیلئے صلوات لکھوائیں میں قلم، دوات اور کاغذ ہمراہ لے کر گیا آپؑ نے کسی کتاب سے دیکھے بغیر مجھے یہ صلوات زبانی لکھوائی۔ نیز......اس صلوات کے راوی ابومحمد یمنیؒ بیان کرتے ہیں کہ جب امام حسن عسکری علیہ السلام اپنے آبائ طاہرین علیہم السلام میں سے ہر ایک کیلئے صلوات تعلیم فرما چکے اور نوبت اپنی ذات تک پہنچی تو آپ خاموش ہو گئے میں نے عرض کی:

اے فرزند رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! باقی کے لیے بھی صلوات لکھوائیں۔

آپؑ نے فرمایا:

یہ صلوات دین کے نشانوں میں سے نہ ہوتی اور خدائے تعالیٰ نے اس کا حکم نہ دیا ہوتا کہ ہم یہ چیزیں لائق وموزوں افراد تک پہنچائیں تو میں خاموشی کو بہتر سمجھتا خود اپنے لیے صلوات کا ذکر نہ کرتا لیکن یہ دین کا معاملہ ہے لہٰذا آگے یہ لکھو۔

# صلوٰت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا حَمَلَ وَحْيَكَ وَبَلَّغَ

اے معبود! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ انہوں نے تیری وحی کو سنبھالا اور

رِسَالَاتِكَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا أَحَلَّ حَلَالَكَ

تیرے پیغام پہنچائے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ انہوں نے تیرے حلال کو حلال

وَحَرَّمَ حَرَامَكَ وَعَلَّمَ كِتَابَكَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا

اور حرام کو حرام بتایا اور تیری کتاب کی تعلیم دی خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ

أَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَدَعَا إِلَى دِينِكَ وَصَلِّ عَلَى

انہوں نے نماز قائم کیا اور زکوۃ دیتے رہے اور تیرے دین کی طرف دعوت دی

مُحَمَّدٍ كَمَا صَدَّقَ بِوَعْدِكَ وَأَشْفَقَ مِنْ وَعِيدِكَ وَصَلِّ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ انہوں نے تیرے وعدے کی تصدیق کی اور تیری دھمکی

عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا غَفَرْتَ بِهِ الذُّنُوبَ وَسَتَرْتَ بِهِ

سے لوگوں کو ڈرایا خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ جنکے ذریعے تو نے لوگوں کے گناہ معاف

الْعُيُوبَ وَفَرَّجْتَ بِهِ الْكُرُوبَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا

کیے انکے عیبوں کو چھپایا اور انکے ذریعے لوگوں کی مشکلات دور کیں

دَفَعۡتَ بِهِ الشَّقَاۤءَ وَ كَشَفۡتَ بِهِ الۡغَمَّاۤءَ وَأَجَبۡتَ بِهِ

خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ تو نے انکے ذریعے بدبختی دور کی انکے ذریعے

الدُّعَاۤءَ وَنَجَّيۡتَ بِهِ مِنَ الۡبَلَاۤءِ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا

رنج دور کیے انکے ذریعے دعائیں قبول کیں اور انکے وسیلے مصیبتوں سے نجات دی

رَحِمۡتَ بِهِ الۡعِبَادَ وَأَحۡيَيۡتَ بِهِ الۡبِلَادَ وَقَصَمۡتَ بِهِ

خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ تو نے ان کے ذریعے بندوں پر رحم کیا اور شہروں کو آباد کیا

الۡجَبَابِرَةَ وَأَهۡلَكۡتَ بِهِ الۡفَرَاعِنَةَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَمَا

اور انکے ذریعے سرکشوں کی کمر توڑی اور انکے ذریعے مغرور بادشاہوں کو قتل کیا

أَضۡعَفۡتَ بِهِ الۡأَمۡوَالَ وَأَحۡرَزۡتَ بِهِ مِنَ الۡأَهۡوَالِ



خدا یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نازل فرما تو نے انکے ذریعے اموال زیادہ کیے

وَ كَسَرۡتَ بِهِ الۡأَصۡنَامَ وَرَحِمۡتَ بِهِ الۡأَنَامَ وَصَلِّ عَلَى

انکے ذریعے خوف وہراس سے محفوظ کیا انکے ہاتھوں بتوں کو توڑا انکے وسیلے سے لوگوں پر

مُحَمَّدٍ كَمَا بَعَثۡتَهُ بِخَيۡرِ الۡأَدۡيَانِ وَأَعۡزَزۡتَ بِهِ الۡإِيمَانَ

رحم فرمایا خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج کہ تو نے انکو بہترین دین کیساتھ بھیجا ان کے ذریعے

وَتَبَّرۡتَ بِهِ الۡأَوۡثَانَ وَعَظَّمۡتَ بِهِ الۡبَيۡتَ الۡحَرَامَ

ایمان کو قوت دی ان کے ہاتھوں بتوں کو تباہ کیا اور ان کے ذریعے بیت الحرام کو بزرگی دی

وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِينَ الْأَخْيَارِ

خدایا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیج اور ان کے اہل بیت علیہم السلام پر جو پاک ہیں پسندشدہ اور

وَسَلِّمْ تَسْلِيمًا

سلام بھیج بہت بہت سلام۔

## صلوٰت علی ابن ابی طالب علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ

اے معبود! مومنوں کے امیر علی بن ابی طالب علیہم السلام پر درود بھیج کہ جو تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

أَخِي نَبِيِّكَ وَوَلِيِّهِ وَصَفِيِّهِ وَوَزِيرِهِ وَمُسْتَوْدَعِ عِلْمِهِ

کے برادران کے وارث ان کے پسندیدہ ان کے معاون انکے علم کے امانتدار ان کے راز

وَمَوْضِعِ سِرِّهِ وَبَابِ حِكْمَتِهِ وَالنَّاطِقِ بِحُجَّتِهِ وَالدَّاعِي

کے امین انکے حکمت کے مظہر انکی حجت بیان کرنے والے، انکی شریعت کیطرف دعوت

إِلَى شَرِيعَتِهِ وَخَلِيفَتِهِ فِي أُمَّتِهِ وَمُفَرِّجِ الْكُرَبِ عَنْ

دینے والے انکی امت میں انکے خلیفہ ان کی ذات سے مشکلوں کو دور کرنے والے کافروں

وَجْهِهِ قَاصِمِ الْكَفَرَةِ وَمُرْغِمِ الْفَجَرَةِ الَّذِي جَعَلْتَهُ

کی قوت توڑنے والے اور فسادیوں کو زیر کرنے والے کہ جن کو تو نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مِنْ نَبِيِّكَ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ

کے ساتھ وہ مقام دیا جو ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھا اے معبود! اسے دوست رکھ

وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَاخْذُلْ مَنْ

جو ان کو دوست رکھے دشمن رکھے اس کو جو ان کا دشمن ہو مدد دے اس کو جو ان کی مدد کرے

خَذَلَهُ وَالْعَنْ مَنْ نَصَبَ لَهُ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

اور اس کو رسوا کر جو ان کو چھوڑ جائے اور اس پر لعنت بھیج جس نے ان کی مخالفت کی اولین

وَصَلِّ عَلَيْهِ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَوْصِيَاءِ

وآخرین میں سے اور ان پر رحمت فرما وہ بہترین رحمت جو تو نے اپنے نبیوں کے جانشینوں

أَنْبِيَائِكَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ



میں سے کسی پر فرمائی ہو اے جہانوں کے پروردگار۔

# صلوٰت حضرت فاطمہ الزہرا سلام اللہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الصِّدِّيْقَةِ فَاطِمَةَ الزَّكِيَّةِ حَبِيْبَةِ

اے معبود درود بھیج صدیقہ کائنات سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا پر جو پاکیزہ ہیں تیرے

حَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَأُمِّ أَحِبَّائِكَ وَأَصْفِيَائِكَ الَّتِي

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تیرے محبوب کی پیاری بیٹی ہیں اور تیرے محبوب اور برگزیدوں کی والدہ

انْتَجَبْتَهَا وَفَضَّلْتَهَا وَاخْتَرْتَهَا عَلَى نِسَاءِ الْعَالَمِينَ

ہیں وہی بی بی (س) جہانوں کی عورتوں میں سے جنکو تو نے چن لیا عظمت دی اور پسندیدہ

اَللّٰهُمَّ كُنِ الطَّالِبَ لَهَا مِمَّنْ ظَلَمَهَا وَاسْتَخَفَّ بِحَقِّهَا

بنایا اے معبود! جنہوں نے ان پر ظلم ڈھایا ان سے بدلہ لے اور انکے حق کی پرواہ نہ کی

وَكُنِ الثَّائِرَ اَللّٰهُمَّ بِدَمِ أَوْلَادِهَا اَللّٰهُمَّ وَكَمَا جَعَلْتَهَا

ان سے بدلہ لے اور اے معبود! انکی اولاد کے خون کا انتقام لے اور اے معبود! جیسا کہ تو

أُمَّ أَئِمَّةِ الْهُدَى وَحَلِيلَةَ صَاحِبِ اللِّوَاءِ وَالْكَرِيمَةَ

نے انکو بنایا ہدایت والے اماموں کی ماں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علمبردار کی زوجہ محترمہ اور عالم

عِنْدَ الْمَلَا الْاَعْلَى فَصَلِّ عَلَيْهَا وَعَلَى أُمِّهَا صَلَاةً

بالا عرش و کرسی کے مقام میں عزت والی قرار دیا پس ان پر اور انکی والدہ (س) پر رحمت

تُكْرِمُ بِهَا وَجْهَ مُحَمَّدٍ وَتُقِرُّ بِهَا أَعْيُنَ ذُرِّيَّتِهَا وَأَبْلِغْهُمْ

فرما جس سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک چمک اٹھے اور ان بی بی (س) کی اولاد

عَنِّي فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ أَفْضَلَ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ

کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور پہنچا ان سب کو اس وقت میرا بہترین درود اور آداب وسلام۔

بلندیٔ درجات: بیگم وسید وصی حیدر زیدی، تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی

وجملہ مومنین ومومنات شہدائے ملت جعفریہ

# صلوات امام حسن علیہ السلام امام حسین علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَبْدَيْكَ وَوَلِيَّيْكَ

اے معبود حسن اور حسین علیہم السلام پر درود بھیج جو دونوں تیرے بندے محبوب تیرے

وَابْنَيْ رَسُولِكَ وَسِبْطَيِ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدَيْ شَبَابِ أَهْلِ

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے رحمت والے نواسے اور جوانان جنت کے سید و سردار ہیں

الْجَنَّةِ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَوْلَادِ النَّبِيِّينَ

ان پر بہترین رحمت فرما جیسی رحمت تو نے نبیوں اور رسولوں کی اولاد میں سے کسی پر بھیجی ہو

وَالْمُرْسَلِينَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ سَيِّدِ النَّبِيِّينَ

اے معبود امام حسن علیہ السلام پر درود بھیج جو نبیوں کے سردار کے فرزند ہیں اور مومنوں کے

وَوَصِيِّ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ

امیر علیہ السلام کے جانشین ہیں آپ پر سلام ہو اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّينَ أَشْهَدُ أَنَّكَ

آپ پر سلام ہو اے اوصیائ کے سردار کے فرزند میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ

يَابْنَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ أَمِينُ اللّٰهِ وَابْنُ أَمِينِهِ عِشْتَ

مومنوں کے امیر کے فرزند خدا کے امانتدار اور اسکے امین کے فرزند ہیں

| |
|---|
| مَظْلُومًا وَمَضَيْتَ شَهِيدًا وَأَشْهَدُ أَنَّكَ الْإِمَامُ |
| آپ دنیا میں مظلوم جیے اور شہید ہو کر گزرے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امامؑ ہیں |
| الزَّكِيُّ الْهَادِي الْمَهْدِيُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَبَلِّغْ رُوحَهُ |
| پاک شدہ ہدایت دینے والے ہدایت یافتہ اے معبود ان پر رحمت نازل کر |
| وَجَسَدَهُ عَنِّي فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ أَفْضَلَ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ |
| اور انکی روح اور انکے جسم کو میری طرف سے اس لمحے میں بہترین درود و سلام |
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْمَظْلُومِ الشَّهِيدِ |
| اور آداب پہنچا دے اے معبود امام حسین علیہ السلام فرزند علی علیہ السلام پر درود بھیجو مظلومیت کی |
| قَتِيلِ الْكَفَرَةِ وَطَرِيحِ الْفَجَرَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا |
| حالت میں شہید ہوئے بے دینوں نے انہیں قتل کیا اور بدکاروں نے ساتھ چھوڑ دیا آپؑ |
| عَبْدِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلَامُ |
| پر سلام ہو اے ابو عبداللہ علیہ السلام آپؑ پر سلام ہو اے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند آپ پر |
| عَلَيْكَ يَا بْنَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ أَشْهَدُ مُوقِنًا أَنَّكَ أَمِينُ |
| سلام ہو اے مومنوں کے امیر علیہ السلام کے فرزند میں گواہی دیتا ہوں یقین کیساتھ کہ آپ خدا |
| اللهِ وَابْنُ أَمِينِهِ قُتِلْتَ مَظْلُومًا وَمَضَيْتَ شَهِيدًا |
| کے امانتدار اور اسکے امین کے فرزند ہیں آپ مظلومی میں قتل ہوئے اور شہادت پا کر |

وَأَشْهَدُ أَنَّ اللهَ تَعَالَى الطَّالِبُ بِثَارِكَ وَمُنْجِزٌ مَا

گزرے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ آپکے خون کا بدلہ لے گا اور وہ آپ سے

وَعَدَكَ مِنَ النَّصْرِ وَالتَّأْيِيدِ فِي هَلَاكِ عَدُوِّكَ وَإِظْهَارِ

کیا ہوا وعدہ پورا کرتے ہوئے آپکے دشمن کی تباہی اور آپکی دعوت کے اظہار کیلئے مدد اور

دَعْوَتِكَ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ وَفَيْتَ بِعَهْدِ اللهِ وَجَاهَدْتَ فِي

قوت دے گا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا سے کیا ہوا پیمان پورا کیا خدا کی راہ میں

سَبِيلِ اللهِ وَعَبَدْتَ اللهَ مُخْلِصًا حَتَّى أَتَاكَ الْيَقِينُ لَعَنَ

جہاد کیا اور خدا کی پرخلوص عبادت کرتے رہے یہاں تک کہ آپ شہید ہو گئے خدا کی لعنت

اللهُ أُمَّةً قَتَلَتْكَ وَلَعَنَ اللهُ أُمَّةً خَذَلَتْكَ وَلَعَنَ اللهُ

ہو اس گروہ پر جس نے آپکو قتل کیا خدا کی لعنت ہو اس گروہ پر جس نے آپکا ساتھ نہ دیا خدا

أُمَّةً أَلَّبَتْ عَلَيْكَ وَأَبْرَأُ إِلَى اللهِ تَعَالَى مِمَّنْ أَكْذَبَكَ

کی لعنت ہو اس گروہ پر جس نے آپ پر گھیرا ڈالا اور میں خدا کے سامنے بیزار ہوں اس

وَاسْتَخَفَّ بِحَقِّكَ وَاسْتَحَلَّ دَمَكَ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا أَبَا

سے جس نے آپکو جھٹلایا آپکے حق کی پرواہ نہ کی اور آپکا خون بہایا میرے ماں باپ آپ

عَبْدِاللهِ لَعَنَ اللهُ قَاتِلَكَ وَلَعَنَ اللهُ خَاذِلَكَ وَلَعَنَ

پر قربان اے ابو عبداللہ علیہ السلام خدا لعنت کرے آپکے قاتل پر خدا لعنت کرے آپ کو چھوڑ

اللهُ مَنْ سَمِعَ وَاعِيَتَكَ فَلَمْ يُجِبْكَ وَلَمْ يَنْصُرْكَ وَلَعَنَ

جانے والے پر اور خدا لعنت کرے اس پر جس نے آپکی پکار سنی تو جواب نہ دیا اور آپکی

اللهُ مَنْ سَبىٰ نِسَائَكَ أَنَا إِلَى اللهِ مِنْهُمْ بَرِيْئٌ وَمِمَّنْ

مدد نہ کی اور خدا لعنت کرے جس نے آپ کی عورتوں کو اسیر کیا میں خدا کے سامنے ان سے

وَالَاهُمْ وَمَالَأَهُمْ وَأَعَانَهُمْ عَلَيْهِ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ

بیزار ہوں اور ان سے بھی جو انکے دوست انکے ساتھی اور انکے مددگار رہیں میں گواہی دیتا

وَالْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ كَلِمَةُ التَّقْوىٰ وَبَابُ الْهُدىٰ

ہوں کہ آپؑ اور آپکی اولاد میں سے ائمہ علیہم السلام پرہیزگاری کی علامت ہدایت کا ذریعہ

وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقىٰ وَالْحُجَّةُ عَلَىٰ أَهْلِ الدُّنْيَا وَأَشْهَدُ أَنِّي بِكُمْ

پائیدار سلسلہ اور دنیا والوں پر خدا کی حجت ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں آپ کا معتقد

مُؤْمِنٌ وَبِمَنْزِلَتِكُمْ مُوقِنٌ وَلَكُمْ تَابِعٌ بِذَاتِ نَفْسِي

ہوں اور آپ کے مرتبے کا یقین رکھتا ہوں میں دل سے آپ کا تابع ہوں میں احکام دین

وَشَرَايِعِ دِيْنِي وَخَوَاتِيمِ عَمَلِي وَمُنْقَلَبِي فِي دُنْيَايَ وَآخِرَتِي

اور عمل کی پاداش اور بازگشت میں آپؑ کا تابع ہوں دنیا و آخرت میں۔

بلندیٔ درجات: بیگم و سید وصی حیدر زیدی، تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی

و جملہ مومنین و مومنات شہدائے ملت جعفریہ

# صلوات امام سجاد علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ سَیِّدِ الْعَابِدِیْنَ الَّذِی

اے معبود امام علی بن الحسین علیہم السلام پر درود بھیج جو عبادت گزاروں کے سردار ہیں

اسْتَخْلَصْتَہُ لِنَفْسِکَ وَجَعَلْتَ مِنْہُ أَئِمَّۃَ الْھُدٰی

جن کو تو نے اپنے لیے مخصوص کیا اور ان کی اولاد میں تو نے ائمہ ہدایت قرار دیئے

الَّذِیْنَ یَھْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِہٖ یَعْدِلُوْنَ اخْتَرْتَہُ لِنَفْسِکَ

جو حق کیساتھ ہدایت کرتے اور عدل سے فیصلے کرتے ہیں تو نے انکو اپنے لیے چنا ان کو

وَطَھَّرْتَہُ مِنَ الرِّجْسِ وَاصْطَفَیْتَہُ وَجَعَلْتَہُ ھَادِیًا

آلودگی سے پاک رکھا ان کو پسند کیا اور ان کو ہدایت یافتہ رہبر بنایا پس اے معبود

مَھْدِیًّا اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلَیْہِ أَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلٰی أَحَدٍ

امامعلیہ السلام چہارم پر رحمت فرما وہ بہترین رحمت جو تو نے اپنے نبیوں کی اولاد

مِنْ ذُرِّیَّۃِ أَنْبِیَائِکَ حَتّٰی تَبْلُغَ بِہٖ مَا تَقَرُّ بِہٖ عَیْنُہُ فِی

میں سے کسی پر کی ہو حتی کہ انکو اس مقام پر پہنچا جس سے انکی آنکھیں ٹھنڈی ہوں

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ إِنَّکَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ

دنیا اور آخرت میں بے شک تو زبردست ہے حکمت والا۔

# صلوات امام محمد باقر علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ بَاقِرِ الْعِلْمِ وَ اِمَامِ

اے معبود! محمد بن علی علیہم السلام پر درود بھیج جو علم پھیلانے والے امامؑ ہدایت پرہیز گاروں

الْهُدٰى وَقَائِدِ أَهْلِ التَّقْوٰى وَالْمُنْتَجَبِ مِنْ عِبَادِكَ

کے پیشوا اور تیرے بندوں میں سے برگزیدہ ہیں اے معبود جیسے تو نے قرار دیا

اَللّٰهُمَّ وَ كَمَا جَعَلْتَهُ عَلَمًا لِعِبَادِكَ وَمَنَارًا لِبِلَادِكَ

انکو اپنے بندوں کے لیے نشان ہدایت اپنے شہروں کے لیے روشنی اپنی حکمت کا امین

وَمُسْتَوْدَعًا لِحِكْمَتِكَ وَمُتَرْجِمًا لِوَحْيِكَ وَأَمَرْتَ

اور اپنی وحی کا ترجمان بنایا نیز ان کی اطاعت کا حکم دیا

بِطَاعَتِهِ وَحَذَّرْتَ مِنْ مَعْصِيَتِهِ فَصَلِّ عَلَيْهِ يَا رَبِّ

اور ان کی نافرمانی سے منع کیا ہے پس ان پر رحمت فرما اے پروردگار!

أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ ذُرِّيَّةِ أَنْبِيَائِكَ

وہ بہترین رحمت جو تو نے اپنے نبیوں اپنے برگزیدوں اپنے رسولوں اور اپنے امانتداروں

وَأَصْفِيَائِكَ وَرُسُلِكَ وَأُمَنَائِكَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ

میں سے کسی کی اولاد پر کی ہے اے جہانوں کے پروردگار۔

# صلوات امام جعفر صادق علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَعۡفَرِ بۡنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ خَازِنِ الۡعِلۡمِ

اے معبود! جعفر بن محمد علیہم السلام پر درود بھیج جو صادق علیہ السلام ہیں وہ علم کے خزینہ دار

الدَّاعِیۡ اِلَیۡكَ بِالۡحَقِّ النُّوۡرِ الۡمُبِیۡنِ اَللّٰھُمَّ وَ کَمَا جَعَلۡتَہٗ

حق کے ساتھ تیری طرف بلانے والے اور نور آشکارا ہیں اے معبود! جیسے تو نے

مَعۡدِنَ کَلَامِكَ وَوَحۡیِكَ وَخَازِنَ عِلۡمِكَ وَلِسَانَ تَوۡحِیۡدِكَ

اپنے کلام اور وحی کا سنبھالنے والا قرار دیا اپنے علم کا خزینہ دار اپنی توحید کا ترجمان

وَوَلِیَّ أَمۡرِكَ وَمُسۡتَحۡفِظَ دِیۡنِكَ فَصَلِّ عَلَیۡهِ أَفۡضَلَ

اپنے حکم کا نگہدار اور اپنے دین کا رکھوالا بنایا ہے اسی طرح ان پر رحمت فرما وہ بہترین

مَا صَلَّیۡتَ عَلٰی أَحَدٍ مِنۡ أَصۡفِیَائِكَ وَحُجَجِكَ إِنَّكَ

رحمت جو تو نے اپنے برگزیدوں اور اپنی حجتوں میں سے کسی پر کی ہے بے شک

حَمِیۡدٌ مَجِیۡدٌ

تو تعریف والا ہے بزرگوار۔

بلندیٔ درجات: بیگم وسید وصی حیدر زیدی، تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی

وجملہ مومنین ومومنات شہدائے ملت جعفریہ

# صلوات امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْاَمِينِ الْمُؤْتَمَنِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ الْبَرِّ

اے معبود امانت دار اور امانت دار بنائے گئے موسیٰ بن جعفر علیہما السلام پر درود بھیج

الْوَفِيِّ الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ النُّورِ الْمُبِينِ الْمُجْتَهِدِ الْمُحْتَسِبِ

جو نیک وفادار پاک شدہ پاکباز نور درخشاں ساعی وکوشاں خیر چاہنے والے تیرے لیے

الصَّابِرِ عَلَى الْاَذَى فِيكَ اَللّٰهُمَّ وَ كَمَا بَلَّغَ عَنْ آبَائِهِ

تکلیف پر صبر کرنے والے ہیں اے معبود جیسے انہوں نے اپنے بزرگان کیطرف سے سپرد

مَا اسْتُودِعَ مِنْ أَمْرِكَ وَنَهْيِكَ وَحَمَلَ عَلَى الْمَحَجَّةِ

شدہ تیرے امر و نہی کو بیان کیا لوگوں کو سیدھی راہ پر ڈالا اور سامنا کیا اہل کبر و غرور کے سخت

وَكَابَدَ أَهْلَ الْعِزَّةِ وَالشِّدَّةِ فِيمَا كَانَ يَلْقَى مِنْ جُهَّالِ

برتاؤ کا ان باتوں میں جو آپ کی قوم کے جاہلوں نے پھیلائیں پس اے پروردگار حضرت

قَوْمِهِ رَبِّ فَصَلِّ عَلَيْهِ أَفْضَلَ وَأَكْمَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى

پر رحمت کر بہترین وکامل ترین رحمت جو تو نے کسی ایسے شخص پر کی جس نے تیری اطاعت

أَحَدٍ مِمَّنْ أَطَاعَكَ وَنَصَحَ لِعِبَادِكَ إِنَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

اور تیرے بندوں کی خیر خواہی کی بے شک تو پردہ پوش ہے مہربان۔

# صلوات امام علی رضا علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی عَلِیِّ بۡنِ مُوسَی الَّذِی ارۡتَضَیۡتَہُ

اے معبود! علی بن موسیٰ علیہم السلام پر درود بھیج کہ جن کو تو نے پسند فرمایا

وَرَضَّیۡتَ بِہِ مَنۡ شِئۡتَ مِنۡ خَلۡقِکَ اَللّٰھُمَّ وَ کَمَا

تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہے پسند کر لیتا ہے اے معبود جس طرح تو نے قرار دیا

جَعَلۡتَہُ حُجَّۃً عَلَی خَلۡقِکَ وَقَائِمًا بِأَمۡرِکَ وَنَاصِرًا

ان کو اپنی مخلوق پر حجت قائم کیا اپنے امر پر مدد گار بنایا اپنے دین کا اور گواہ بنایا

لِدِیۡنِکَ وَشَاھِدًا عَلَی عِبَادِکَ وَ کَمَا نَصَحَ لَھُمۡ فِی السِّرِّ

اپنے بندوں پر اور جس طرح انہوں نے عیاں و نہاں ان کی خیر خواہی کی

وَالۡعَلَانِیَۃِ وَدَعَا إِلَی سَبِیۡلِکَ بِالۡحِکۡمَۃِ وَالۡمَوۡعِظَۃِ

اور ان کو دانش مندی اور بہترین نصیحت کے ساتھ تیرے راستے کیطرف بلایا

الۡحَسَنَۃِ فَصَلِّ عَلَیۡہِ أَفۡضَلَ مَا صَلَّیۡتَ عَلَی أَحَدٍ مِنۡ

اس طرح تو بھی ان پر رحمت کر وہ بہترین رحمت جو تو نے مخلوقات میں سے اپنے

أَوۡلِیَائِکَ وَخِیَرَتِکَ مِنۡ خَلۡقِکَ إِنَّکَ جَوَادٌ کَرِیۡمٌ

والیوں اور برگزیدوں میں سے کسی ایک پر کی بیشک تو بہت دینے والا ہے سخی۔

# صلوات امام محمد تقی علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُوسَیٰ عَلَمِ التُّقیٰ

اے معبود! محمد بن علی بن موسیٰ علیہم السلام پر درود بھیج جو پرہیز گاری کے نشان ہدایت کے نور

وَنُورِ الْهُدَیٰ وَمَعْدِنِ الْوَفاءِ وَفَرْعِ الْاَزْكِیاءِ

وفا کے مرکز و محور پاکبازوں کی شاخ اور اوصیائ پیغمبر کے جانشین اور تیری وحی کے امانتدار

وَخَلِیفَةِ الْاَوْصِیاءِ وَأَمِینِكَ عَلَی وَحْیِكَ اَللّٰھُمَّ

ہیں پس اے معبود! جیسے تو نے ان کے ذریعے گمراہیسے نکال کر ہدایت دی ان کے وسیلے

فَكَمَا هَدَیْتَ بِهِ مِنَ الضَّلَالَةِ وَاسْتَنْقَذْتَ بِهِ مِنَ

سے پریشانی وسرگردانی سے بچایا ان کے ذریعے راہ دکھائی اسے جس نے ہدایت چاہی اور

الْحَیْرَةِ وَأَرْشَدْتَ بِهِ مَنِ اهْتَدَیٰ وَزَكَّیْتَ بِهِ مَنْ

انکے ذریعے پاک کیا اسے جو پاک ہوا ایسے ہی ان پر رحمت کر بہترین رحمت جو تو نے کسی

تَزَكَّیٰ فَصَلِّ عَلَیْهِ أَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ عَلَی أَحَدٍ مِنْ

پر کی ہے اپنے اولیائ میں سے اور اوصیائ میں سے موجود وصی پر بے شک تو زبردست

أَوْلِیائِكَ وَبَقِیَّةِ أَوْصِیائِكَ إِنَّكَ عَزِیزٌ حَكِیمٌ

ہے حکمت والا۔

# صلوات امام علی نقی علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی عَلِیِّ بۡنِ مُحَمَّدٍ وَصِیِّ الۡاَوۡصِیَاءِ وَاِمَامِ

اے معبود علی بن محمد علیہم السلام پر درود بھیج جو اوصیائے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصی پرہیزگاروں کے

الۡاَتۡقِیَاءِ وَخَلَفِ أَئِمَّةِ الدِّیۡنِ وَالۡحُجَّةِ عَلَی الۡخَلَائِقِ

پیشوا ائمہ علیہم السلام دین کے قائم مقام اور ساری مخلوقات پر تیری حجت ہیں

أَجۡمَعِیۡنَ اَللّٰھُمَّ کَمَا جَعَلۡتَهُ نُوۡرًا یَسۡتَضِیۡءُ بِهِ

اے معبود! جیسے تو نے ان کو ایسا نور بنایا کہ جس سے مومنین روشنی حاصل کرتے ہیں

الۡمُؤۡمِنُوۡنَ فَبَشَّرَ بِالۡجَزِیۡلِ مِنۡ ثَوَابِكَ وَأَنۡذَرَ

پس انہوں نے تیرے ثواب عظیم کی خوشخبری سنائی تیرے سخت ترین عذاب

بِالۡاَلِیۡمِ مِنۡ عِقَابِكَ وَحَذَّرَ بَأۡسَكَ وَذَکَّرَ بِآیَاتِكَ

سے خوف دلایا تیرے غضب سے آگاہ کیا تیری آیتوں کے ذریعے نصیحت کی

وَأَحَلَّ حَلَالَكَ وَحَرَّمَ حَرَامَكَ وَبَیَّنَ شَرَایِعَكَ

تیرے حلال کو حلال کہا تیرے حرام کو حرام بتایا تیرے قوانین اور احکام کو

وَفَرَائِضَكَ وَحَضَّ عَلَی عِبَادَتِكَ وَأَمَرَ بِطَاعَتِكَ وَنَهَی

کھول کر بیان کیا تیری عبادت کا شوق دلایا تیری فرمانبرداری کا حکم دیا

عَنْ مَعْصِيَتِكَ فَصَلِّ عَلَيْهِ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ

اور تیری نافرمانی سے منع کیا پس ان پر رحمت کر وہ بہترین رحمت جو تو نے

مِنْ أَوْلِيَائِكَ وَذُرِّيَّةِ أَنْبِيَائِكَ يَا إِلٰهَ الْعَالَمِينَ

اپنے اولیائ اور اپنے نبیوں کی اولاد میں سے کسی پر کی ہے اے جہانوں کے معبود۔

## صلوٰت امام حسن عسکری علیہ السلام

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَرِّ التَّقِيِّ

اے معبود حسن بن علی بن محمد علیہم السلام پر درود بھیج جو خوش کردار پرہیز گار صادق

الصَّادِقِ الْوَفِيِّ النُّورِ الْمُضِيءِ خَازِنِ عِلْمِكَ وَالْمُذَكِّرِ

وفادار چمکتا ہوں نور اور تیرے علوم کے خزینہ دار ہیں وہ تیری توحید کا اعلان کرنے

بِتَوْحِيدِكَ وَوَلِيِّ أَمْرِكَ وَخَلَفِ أَئِمَّةِ الدِّينِ الْهُدَاةِ

والے تیرے حکم کے پاسدار دین کے ان اماموں کے جانشین کہ جو رہبر

الرَّاشِدِينَ وَالْحُجَّةِ عَلَى أَهْلِ الدُّنْيَا فَصَلِّ عَلَيْهِ يَا

اور راہ یافتہ ہیں اور دنیا والوں پر تیری حجت ہیں پس ان پر رحمت فرما

رَبِّ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَصْفِيَائِكَ

اے پرودگار بہترین رحمت جو تو نے اپنے برگزیدوں اپنی حجتوں اور اپنے نبیوں کی اولاد

وَحُجَجِكَ وَأَوْلَادِ رُسُلِكَ يَا إِلَهَ الْعَالَمِينَ

میں سے کسی پر کی ہے اے جہانوں کے معبود

# صلوات امام العصر علیہ السلام

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى وَلِيِّكَ وَابْنِ أَوْلِيَائِكَ الَّذِينَ فَرَضْتَ

اے معبود اپنے ولیؑ پر رحمت فرما جو تیرے ان اولیائؑ کے فرزند ہیں جن کی اطاعت تو نے

طَاعَتَهُمْ وَأَوْجَبْتَ حَقَّهُمْ وَأَذْهَبْتَ عَنْهُمُ الرِّجْسَ

لازم ٹھہرائی ان کا حق واجب کیا آلودگی کو ان سے دور رکھا اور ان کو پاک کیا بہت پاک

وَطَهَّرْتَهُمْ تَطْهِيرًا اَللّٰهُمَّ انْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهِ لِدِينِكَ

اے معبود مہدیؑ کی مدد فرما ان کے ذریعے اپنے دین کی مدد کر اور ان کے ہاتھوں اپنے اور

وَانْصُرْ بِهِ أَوْلِيَائَكَ وَأَوْلِيَائَهُ وَشِيعَتَهُ وَأَنْصَارَهُ

انکے دوستوں انکے پیروکاروں اور ساتھیوں کو کامیاب فرما اور ہمیں ان میں شامل کر

وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ اَللّٰهُمَّ أَعِذْهُ مِنْ شَرِّ كُلِّ بَاغٍ وَطَاغٍ

اے معبود امام عصرؑ کو ہر ستمگار اور سرکش کے شر سے بچائے رکھا اور اپنی مخلوق کے شر سے بچا

وَمِنْ شَرِّ جَمِيعِ خَلْقِكَ وَاحْفَظْهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ

ان کی نگہبانی فرما انکے آگے سے ان کے پیچھے سے انکے دائیں سے اور ان کے بائیں سے

خَلْفِهِ وَعَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ وَاحْرُسْهُ وَامْنَعْهُ أَنْ

انکی نگہداشت کر اور محفوظ رکھ کہ انہیں کوئی تکلیف نہ پہنچے انکی حفاظت کے ذریعے اپنے

يُوصَلَ إِلَيْهِ بِسُوْءٍ وَاحْفَظْ فِيْهِ رَسُولَكَ وَآلَ رَسُولِكَ

رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آلؑ کی حفاظت فرما ان کے ہاتھوں عدل کو رائج کر

وَأَظْهِرْ بِهِ الْعَدْلَ وَأَيِّدْهُ بِالنَّصْرِ وَانْصُرْ نَاصِرِيْهِ

اور انکو مدد دے کر قوی فرما انکے ساتھیوں کی مدد کر اور انکو چھوڑ جانے والوں کو پست کر

وَاخْذُلْ خَاذِلِيْهِ وَاقْصِمْ بِهِ جَبَابِرَةَ الْكُفْرِ وَاقْتُلْ بِهِ

دے ان کے ذریعے سخت دل کافروں کا زور توڑ دے انکے ہاتھوں تمام کافروں منافقوں

الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَجَمِيْعَ الْمُلْحِدِيْنَ حَيْثُ كَانُوْا

اور بے دینوں کو قتل کرا دے چاہے وہ زمین کے مشرقوں میں ہوں یا مغربوں میں

مِنْ مَشَارِقِ الْأَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَبَرِّهَا وَبَحْرِهَا وَامْلَأْ

اور میدانوں میں ہوں یا سمندروں میں امامؑ کے ذریعے زمین کو عدل سے بھر دے اور

بِهِ الْأَرْضَ عَدْلًا وَأَظْهِرْ بِهِ دِيْنَ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ

اپنے نبیؐ کے دین کو غالب فرما کہ ان پر اور انکی آلؑ پر سلام ہو اور اے معبود ہمیں شامل فرما

اَلسَّلَامُ وَاجْعَلْنِي اَللّٰهُمَّ مِنْ أَنْصَارِهِ وَأَعْوَانِهِ

امامؑ کے مددگاروں کے ہمراہیوں انکے پیروکاروں اور انکے اطاعت گزاروں میں

وَأَتْبَاعِهِ وَشِيعَتِهِ وَ أَرِنِي فِي آلِ مُحَمَّدٍ مَا يَأْمُلُونَ وَفِي

اور مجھے آل محمد علیہم السلام کا وہ وقت دکھا جسکے وہ آرزومند ہیں اور انکے دشمنوں کا وہ حال دکھا

عَدُوِّهِمْ مَا يَحْذَرُونَ إِلٰهَ الْحَقِّ آمِينَ

جس سے وہ ڈرتے ہیں اے سچے معبود ایسا ہی ہو۔

## دعائے فرج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِلٰهِي عَظُمَ الْبَلَاءُ وَبَرِحَ الْخَفَاءُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاءُ

اے معبود! مصیبت بڑھ گئی، درد نہاں ظاہر ہوگیا ہے اور پردہ کھل گیا ہے

وَضَاقَتِ الْاَرْضُ بِمَا وَسِعَتِ السَّمَاءُ وَإِلَيْكَ يَا رَبِّ

اور زمین تنگ ہوگئی ہے اگرچہ آسمان وسیع ہے اور خدایا ہم اپنی شکایت تیرے ہی پاس

الْمُشْتَكٰى وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ اَللّٰهُمَّ

لاتے ہیں اور تنگی اور فراخی میں تجھ پر ہی بھروسہ کرتے ہیں اے معبود!

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ الَّذِيْنَ أَمَرْتَنَا بِطَاعَتِهِمْ

محمد آلِ محمد علیہم السلام پر رحمت فرما کہ جن کی فرمانبرداری کا تو نے ہمیں حکم دیا،

وَعَجِّلِ اَللّٰهُمَّ فَرَجَهُمْ بِقَائِمِهِمْ وَأَظْهِرْ إِعْزَازَهُ يَا

اے معبود! انکے قائم کے بدولت انکو جلد آسودگی دے اور اسکی عزت کو ظاہر کردے

| |
|---|
| یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا مُحَمَّدُ اِکْفِیَانِی فَإِنَّکُمَا کَافِیَایَ یَا |
| یا محمدؐ یا علیؑ یا علیؑ یا محمدؐ میری کفایت کیجیے کہ بے شک آپ دونوں میرے حامی ہیں |
| مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا مُحَمَّدُ اُنْصُرَانِی فَإِنَّکُمَا نَاصِرَایَ یَا |
| یا محمدؐ یا علیؑ یا علیؑ یا محمدؐ میری مدد کیجئے یا محمدؐ یا علیؑ یا علیؑ یا محمدؐ میری مدد کیجئے |
| مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا مُحَمَّدُ اِحْفَظَانِی فَإِنَّکُمَا حَافِظَایَ |
| کہ بیشک آپ دونوں میری مدد کرنے والے ہیں یا محمدؐ یا علیؑ یا علیؑ یا محمدؐ میری حفاظت کیجیے |
| یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ |
| کہ آپ دونوں میرے محافظ ہیں اے میرے مولا اے صاحب زماںؑ اے میرے مولا |
| الزَّمَانِ یَا مَوْلَایَ یَا صَاحِبَ الزَّمَانِ الْغَوْثَ الْغَوْثَ |
| اے صاحب زماںؑ اے میرے مولا اے صاحب زماںؑ فریاد سننے والے |
| الْغَوْثَ أَدْرِکْنِی أَدْرِکْنِی الْأَمَانَ الْأَمَانَ الْأَمَانَ |
| فریاد سننے والے فریاد سننے والے |

برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

سیّدہ تمثیل زہراء بنت سید علی قنبر زیدی

جملہ مومنین و مومنات و شہدائے ملت جعفریہ

# دعائے امام زمان علیہ السلام

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ

خدایا ہو جا اپنے ولی حجۃ بن الحسنؑ کے لیے، تیرا درود ہو ان پر اور

وَعَلٰى آبَائِهِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ وَلِيًّا

ان کے آباء طاہرینؑ پر اس وقت میں اور ہر وقت میں سرپرست، محافظ،

وَحَافِظًا وَقَائِدًا وَنَاصِرًا وَدَلِيْلًا وَعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهُ

قائد، مددگار، رہنما اور نگہبان تا کہ ان کو اپنی زمین پر سکونت دے اور ان کو زیادہ

اَرْضَكَ طَوْعًا وَتُمَتِّعَهُ فِيْهَا طَوِيْلًا

زمانہ تک بہرہ مند کرتا رہے۔



برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

سیّدہ تمثیل زہراء بنت سید علی قنبر زیدی

جملہ مومنین و مومنات و شہدائے ملت جعفریہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ

وَاَهْلِكْ عَدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

# صلوٰت بر رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بزبان امام علی علیہ السلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَآئِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی

آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود وسلام بھیجو جیسے سلام کا حق ہے اے معبود!

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَتَحَنَّنْ عَلٰى

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وآل محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت نازل فرما اور برکت عطا فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وآل محمد علیہا السلام

مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَأَفْضَلِ

پر اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم محمد علیہا السلام پر مہربانی فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و آل محمد علیہا السلام پر سلام بھیج

مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ وَتَحَنَّنْتَ وَسَلَّمْتَ عَلٰى

جیسے تو نے ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر بہترین درود بھیجا برکت عطا کی

إِبْرَاهِيْمَ وَآلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ أَعْطِ

رحمت نازل کی مہربانی فرمائی اور سلام بھیجا بے شک تو تعریف والا بزرگوار ہے

مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ وَالشَّرَفَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالْمَنْزِلَةَ

اے معبود! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو وسیلہ شرف اور فضیلت اور کریم منزلت عطا فرما

الْكَرِيمَةَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ مُحَمَّداً وَآلَ مُحَمَّدٍ أَعْظَمَ الْخَلَائِقِ

خدایا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قیامت کے دن ساری مخلوق میں سے

كُلِّهِمْ شَرَفاً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَقْرَبَهُمْ مِنْكَ مَقْعَداً

سب سے زیادہ شرف اور مقام والا بنا ان کو اپنے قریب تر جگہ پر قرار دے کر اور

وَأَوْجَهَهُمْ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جَاهاً وَأَفْضَلَهُمْ

روز قیامت ان کو اپنے ہاں زیادہ عزت دار بنا اور مرتبہ و حصہ کے لحاظ سے

عِنْدَكَ مَنْزِلَةً وَنَصِيباً اَللّٰهُمَّ أَعْطِ مُحَمَّداً أَشْرَفَ

افضل و برتر قرار دے اے معبود! حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلند ترین مقام صلح و نیکی کا اجر اور تبلیغ

الْمَقَامِ وَحِبَاءَ السَّلَامِ وَشَفَاعَةَ الْإِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ

اسلام کا صلہ عطا فرما اے معبود! ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملا دے اس طرح کہ نہ ہم

وَأَلْحِقْنَا بِهِ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَاكِثِينَ وَلَا نَادِمِينَ وَلَا

سوا ہوں نہ عہد شکنی کریں نہ شرمندگی اٹھائیں اور نہ احکام کو بدلیں

مُبَدِّلِينَ إِلٰهَ الْحَقِّ آمِينَ

اے سچے خدا اس دعا کو قبول فرما۔

بلندیٔ درجات: بیگم و سید وصی حیدر زیدی، تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی
و جملہ مومنین و مومنات شہدائے ملت جعفریہ